# اپنی کمیونٹی کو ہر سال 400 بلین ڈالر سے زیادہ رقم کا حصہ دلائیں۔

**اپنی کمیونٹی کی مدد کرنے کے لئے 10 منٹ میں 10 سوالوں کے جواب دیں۔**

## مردم شماری: ایک جھلک

- **کیا:** مردم شماری ریاستہائے متحدہ میں رہنے والے ہر شخص کا شمار ہے۔
- **کون:** ریاستہائے متحدہ کے تمام مکینوں — شہری اور غیر شہری دونوں کا شمار لازماً ہونا چاہیے۔
- **کب:** آپ کو اپنا سوالنامہ مارچ 2010 میں یا تو امریکی ڈاک یا دستی ترسیل کے ذریعہ موصول ہوجائے گا۔ دور دراز علاقوں میں رہنے والے کچھ افراد کی گنتی شخصی طور پر ہوگی۔
- **کیوں:** ریاستہائے متحدہ کا آئین ہر 10 سال پر ایک بار قومی مردم شماری کا تقاضہ کرتا ہے تاکہ آبادی کی گنتی ہوجائے اور امریکی ایوان نمائندگان میں ہر ریاست کی جتنی نشستیں ہوں گی ان کی تعداد کا تعیّن ہوجائے۔
- **کیسے:** سبھی گھرانوں کو اپنا سوالنامہ موصول ہونے پر اسے مکمل کرکے بذریعہ ڈاک واپس بھیج دینا چاہیے۔ جو گھرانے جواب نہیں دیتے ہیں انہیں اوائل اپریل میں ایسا ہی دوسرا سوالنامہ موصول ہوسکتا ہے۔ مردم شماری کے کارکنان ان گھرانوں کا دورہ کریں گے جو سوالنامہ واپس نہیں کریں گے تاکہ شخصی طور پر ان کی گنتی لی جائے۔

## ایک مکمل گنتی: مردم شماری کے ڈیٹا کی اہمیت

- ہر سال، وفاقی حکومت ریاستوں اور کمیونٹیوں کے لئے 400 بلین ڈالر سے زائد رقم مختص کرتی ہے، جو جزوی طور پر، مردم شماری کے ڈیٹا پر مبنی ہوتی ہے۔
- مردم شماری کا ڈیٹا اس ضمن میں مقامی فیصلہ سازوں کی رہنمائی کرتا ہے کہ نئے اسکول، نئی سڑکیں، نگہداشت صحت کی سہولیات، نگہداشت اطفال اور بزرگ شہریوں کے مراکز، کمیونٹی کی سہولیات اور بھی بہت کچھ کہاں پر بنانا ہے۔
- مردم شماری کا ڈیٹا ریاستی اور مقامی مقننہ اور کانگریس کے اضلاع کے لئے حدود کا تعیّن کرتا ہے۔

## 2010 مردم شماری کا سوالنامہ: آسان، اہم اور محفوظ

- صرف 10 سوالوں کے ساتھ، 2010 مردم شماری کا سوالنامہ مکمل کرنے میں تقریباً 10 منٹ کا وقت لگتا ہے۔ گھرانوں سے کلیدی آبادیاتی معلومات فراہم کرانے کو کہا جاتا ہے جیسے: آیا رہائشی اکائی کرایے کی ہے یا اپنی ملکیت ہے؛ رہائش کا پتہ؛ اور گھرانے میں رہنے والے دیگر افراد کا نام، جنس، عمر اور نسل۔
- قانون کے مطابق، مردم شماری بیورو کسی فرد کے جوابات کا اشتراک کسی شخص کے ساتھ نہیں کرسکتا ہے، جن میں دیگر وفاقی ایجنسیاں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی شامل ہیں۔

United States Census 2010

مردم شماری، امریکہ


**یہ ہمارے اختیار میں ہے۔**

### مردم شماری کی تاریخ

پہلی مردم شماری 1790 میں اس بات کے تعین کیلئے ہوئی کہ امریکی ایوان نمائندگان میں ہر ریاست کی کتنی نشست ہوگی۔ یہ مردم شماری لوگوں کی جائے رہائش کی ایک بہتر معلومات حاصل کرنے اور قومی ترقی کے مطابق رہائشی انداز فراہم کرنے کے لئے بھی ہوئی تھی۔

### مردم شماری بیورو کے بارے میں

مردم شماری بیورو کی تشکیل 1902 میں ہوئی تھی۔ آج، آبادی کی مردم شماری اور رہائش گاہوں کی گنتی کے علاوہ، مردم شماری بیورو امریکن کمیونٹی سروے اور موجودہ آبادی کا سروے، ساتھ ہی ہر پانچ سال پر معاشی مردم شماری سمیت، ہر سال 200 سے زیادہ سروے انجام دیتا ہے۔



**براہ کرم اپنا مردم شماری فارم آج ہی واپس بھیجیں۔**

# 2010 مردم شماری

## کلیدی تاریخیں

**فروری – مارچ 2010**

مردم شماری کے سوالنامے گھرانوں کو ڈاک سے بھیجے یا دستی طور پر دیے جائیں گے۔

**مارچ – اپریل 2010**

Be Counted Program نافذ العمل ہوگا۔ مردم شماری کے سوالنامے چنندہ عوامی مقامات پر ایسے افراد کے لئے دستیاب ہوں گے جنہیں ڈاک سے سوالنامہ موصول نہیں ہوتا ہے۔

**1 اپریل، 2010**

مردم شماری کا دن

**مئی – جولائی 2010**

مردم شماری کے کارکنان ان گھروں پر جائیں گے جو ڈاک کے ذریعہ سوالنامہ واپس نہیں بھیجتے ہیں۔

**31 دسمبر، 2010**

قانون کے مطابق، مردم شماری بیورو آبادی کا شمار صدر کے سامنے پیش کرے گا۔

**مارچ 2011**

قانون کے مطابق، مردم شماری بیورو ریاستوں کو دوبارہ ضلع کا تعیّن کرنے والے ڈیٹا کی فراہمی مکمل کرے گا۔

# اکثر پوچھے گئے سوالات

**سوال۔ مردم شماری کا سوالنامہ کس کو پُر کرنا چاہیے؟**

جواب۔ وہ شخص جس کے نام سے وہ رہائشی اکائی زیر ملکیت یا کرایے پر لی ہوئی ہے اسے اس رہائش گاہ میں رہنے والے ہر شخص، بشمول رشتہ دار اور غیر رشتہ دار کی جانب سے سوالنامہ مکمل کرنا چاہیے۔

**سوال۔ 2010 مردم شماری سابقہ مردم شماری سے مختلف کیسے ہوگی؟**

جواب۔ 2010 میں، ہر شخص کو محض 10 سوالوں کا ایک مختصر سوالنامہ موصول ہوگا۔ دس سالہ مردم شماری کے ذریعہ پہلے سے جمع کردہ مزید تفصیلی سماجی و معاشی معلومات سالانہ امریکن کمیونٹی سروے کے توسط سے آبادی کے ایک مختصر سے حصے سے پوچھی جائیں گی۔ امریکن کمیونٹی سروے کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، www.census.gov ملاحظہ کریں۔

**سوال۔ مردم شماری کا ڈیٹا کس طرح استعمال ہوتا ہے؟**

جواب۔ . مردم شماری کے ڈیٹا کا استعمال اس بات کے تعین کیلئے ہوتا ہے کہ امریکی ایوان نمائندگان میں ہر ریاست کی کتنی نشستیں ہوں گی۔ مردم شماری کے ڈیٹا سے کمیونٹی کی خدمات، جیسے اسکول کے لنچ پروگرام اور بزرگ شہریوں کے مراکز، اور نئی تعمیرات، جیسے شاہراہوں اور ہسپتالوں کے لئے وفاقی فنڈوں کے اختصاص کا تعیّن کرنے میں بھی مدد ملتی ہے۔

**سوال۔ سوالنامہ مکمل کرنے میں لوگوں کی مدد کے لئے کس قسم کا تعاون دستیاب ہے؟**

جواب۔ 2010 مردم شماری کے سوالنامے کیلئے زبان سے متعلق رہنما متعدد زبانوں میں دستیاب ہیں۔ سوالنامہ سے متعلق اعانتی مراکز (QAC) ان لوگوں کی اعانت کریں گے جو سوالنامہ پڑھنے یا سمجھنے سے قاصر ہیں۔ بصری نقص کے حامل افراد کے لئے طلب کرنے پر چھپائی کے بڑے حروف والے سوالنامے دستیاب ہیں، اور ٹیلیٹیکس ڈیوائس فار ڈیف (TDD) پروگرام سے سمعی نقص والے افراد کو مدد ملے گی۔ دستیاب تعاون کی نوعیت اور QAC کے جائے وقوع کے بارے میں مزید معلومات کے لئے اپنے علاقائی مردم شماری مرکز سے رابطہ کریں۔

**سوال۔ مردم شماری بیورو غیر مستقل رہائش والے افراد کی گنتی کس طرح کرتا ہے؟**

جواب۔ مردم شماری بیورو کے کارکنان اجتماعی رہائش گاہوں، جیسے کالج کی اجتماعی خوابگاہوں، فوجی بیرکوں، نرسنگ ہومز اور پناہ گاہوں، نیز قدرتی آفات کی وجہ سے بے گھر ہوجانے والے افراد کی شخصی طور پر گنتی کرنے کی پوری کوشش کرتے ہیں۔

**2010 مردم شماری کے بارے میں مزید معلومات کے لئے، 2010census.gov پر جائیں۔**

United States Census 2010
مردم شماری، امریکہ

**یہ ہمارے اختیار میں ہے۔**

Issued December 2009 | Form D-3286 (UR)